نوحہ

غیرت کا وزن اُٹھائے چلتا رہا مسافر
روتا رہا مسافر
ہر گام تازیانے کھاتا رہا مسافر
روتا رہا مسافر

مجمعے میں شامیوں کے اکبرؑ کے قاتلوں سے
بس اک سوالِ چادر کرتا رہا مسافر
روتا رہا مسافر

پتھر ستم کے کھا کر ، آنکھوں سے خوں بہا کر
احوال غربتوں کا کہتا رہا مسافر
روتا رہا مسافر

بازارِ بے حیا کے ہر موڑ ہر گلی میں
اُٹھتا رہا مسافر، گرتا رہا مسافر
روتا رہا مسافر

وہ درد جن کو سہہ کر مرجاتی زندگی بھی
وہ سارے درد سہ کر زندہ رہا مسافر
روتا رہا مسافر

پڑتی رہیں نگاہیں ہائے کھلے سروں پر
54 مرنے کی ہی دعائیں کرتا رہا مسافر
روتا رہا مسافر

کرب و بلا سفر میں نیزوں پہ ہمسفر ہے
کرب و بلا کا نوحہ پڑھتا رہا مسافر
روتا رہا مسافر

جس سمت بھی ستم گر زنجیر کھینچتے تھے
اُس سمت راستوں میں جاتا رہا مسافر
روتا رہا مسافر

میں ہوں وقارِ سجدہ دنیا کو یہ بتانے
طوقِ گراں پہ سجدہ کرتا رہا مسافر
روتا رہا مسافر

کھاتا رہا جگر پر ہر گام غم کے خنجر
جیتا رہا مسافر مرتا رہا مسافر
روتا رہا مسافر

اے نورؔ ہر قدم پر اپنے بدن کے خوں سے
رنگین راستوں کو کرتا رہا مسافر
روتا رہا مسافر